پلے گروپ

پریپ گروپ

نرسری گروپ



# پیارے بچّوں کے لیے

# 60 سُنہری اَحادِیث

عبدالمالک مجاہد

دارالسلام
DARUSSALAM

# بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے (شروع)

جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔






ح مكتبه دار السلام ،١٤٣٥هـ
*فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر*
مجاهد ، عبدالمالك
?????. / عبدالمالك مجاهد - الرياض ، ١٤٣٥هـ
ص:٣٢،مقاس ١٧ x ٢٤ سم
ردمك: ?-???-٥٠٠-٦٠٣-٩٧٨
(النص باللغة الأردية)
١-الادعية و اذكار      أ.العنوان
ديوي ??، ???      ????/١٤٣٥

رقم الإيداع: ????/١٤٣٥
ردمك: ?-???-٥٠٠-٦٠٣-٩٧٨



دارُالسّلام
کتاب وسنّت کی اشاعت کا عالمی ادارہ




# عرض مؤلف وناشر

## محترم والدین کرام!

''پیارے بچوں کے لیے 60 سنہری احادیث'' نامی یہ کتاب میں نے بطور خاص ننھے منے بچوں کے لیے لکھی ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ کی مبارک زندگی ہمارے لیے ہدایت کا شفاف سرچشمہ ہے۔ہمیں زندگی کے ہر ہر لمحے پر آپ ﷺ کی پاکیزہ سیرت سے رہنمائی ملتی ہے اور ہمارے نونہالوں کے لیے بھی اس میں ہدایت کا وافر سامان ہے۔صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں سے سیکڑوں چھوٹی عمر کے صحابۂ کرام نے اپنے لڑکپن میں رسول اللہ ﷺ کی صحبت پائی اور آپ ﷺ نے بڑی محبت اور حکمت سے انھیں دین کی باتیں اور آدابِ معاشرت سکھائے۔ زیرِ نظر مجموعہ میں انھی احادیث کا انتخاب کیا گیا ہے جو خاص بچوں کی تعلیم و تربیت سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان سے آپ کے بچوں کو اپنی زندگی سنوارنے میں یقیناً مدد ملے گی۔

میرے لیے یہ بات باعث مسرت ہے کہ بہت سارے بچوں اور بچیوں نے ان احادیث کو زبانی یاد کیا ہے۔ کئی اسکولوں نے احادیث کے اس مجموعہ کو سلیبس میں شامل کیا ہے۔ میری تمنا اور خواہش ہے کہ ہمارے بچے اور انکے والدین ان احادیث کو زبانی یاد کریں جو کہ بہت ہی آسان احادیث ہیں۔

دارالسلام کی دیگر کتب کی طرح اس کتاب میں بھی جو احادیث شامل کی گئی ہیں ان شاء اللہ وہ بالکل صحیح ہیں۔ اس کتاب کی عمدہ طباعت کے لیے عزیزی عکاشہ مجاہد اور سینئر ڈیزائنر شہزاد احمد کا شکر گزار ہوں۔ ہمیں قارئین کی طرف سے ان کی قیمتی آراء کا انتظار رہے گا۔

خادم قرآن وسنت : عبد المالک مجاہد

دارالسلام - الریاض

# احادیث برائے پلے گروپ



## رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا

1

### اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ

دعا کرنا عین عبادت ہے۔

جامع الترمذي:2929

2

### لَا تَغْضَبْ

غصہ نہ کرو۔

صحيح البخاري: 6116

3

### لَا تَحَاسَدُوا

ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔

صحيح مسلم:2564

# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

## 4 لَا تَبَاغَضُوا

ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو۔

صحیح مسلم:2564

## 5 اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْإِيْمَانِ

حیا ایمان کا ایک حصہ ہے۔

صحیح مسلم: 35

## 6 اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ

نیکی حسن اخلاق کا نام ہے۔

صحیح مسلم: 2553

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا



7

## إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ

اعمال کی قبولیت کا انحصار نیتوں پر ہے۔

صحيح البخاري :1

8

## مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ

جنت کی کنجی، نماز ہے۔

جامع الترمذي :4



# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

9 كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ

ہر نیکی صدقہ ہے۔

صحيح البخاري:6021

10 مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

جو ہمیں دھوکا دیتا ہے، اس کا ہم سے
کوئی تعلق نہیں۔

صحيح مسلم : 3383

11

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

آدمی قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا،
جس سے اس نے دنیا میں محبت کی۔

صحيح البخاري: 6168

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**12**

## اِشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوا



اچھے کام کی سفارش کرو، تمھیں اجر ملے گا۔

صحیح مسلم:2627

**13**

## اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ

مظلوم کی بد دعا سے بچو۔

صحیح مسلم :19



14 اِتَّقِ اللهَ حَيْثُمَا كُنْتَ

تم جہاں اور جس جگہ بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

جامع الترمذي:1987

15 خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ

لوگوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔

جامع الترمذي:1987

16

لَا يَأْكُلَنَّ أَحَدٌ مِّنْكُمْ بِشِمَالِهِ

تم میں سے کوئی شخص

بائیں ہاتھ سے نہ کھائے ۔

صحيح مسلم:2020

## رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**17**

# إِنَّ اللهَ رَفِيقٌ يُّحِبُّ الرِّفْقَ

بے شک اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے،

اور نرمی کو پسند کرتا ہے۔

صحيح مسلم: 2593



**18**

# اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

جہنم کی آگ سے بچو، خواہ کھجور کے ایک

ٹکڑے ہی کو صدقہ و خیرات کرکے بچ سکو۔

صحيح البخاري: 1417



19

## صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي

تم اسی طریقے سے نماز پڑھا کرو
جیسے مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو۔

صحيح البخاري:231

20

## جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ

میری آنکھوں کی ٹھنڈک
نماز میں بنا دی گئی ہے۔

مسند أحمد: 14037

# احادیث برائے پریپ گروپ

# PREP GROUP



## رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا

21 لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا

نیکی اور معروف کے کسی بھی کام کو حقیر نہ جانو۔

صحيح مسلم :2626

22 صِلَةُ الرَّحِمِ تَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ

رشتہ داروں سے حسن سلوک،

عمر میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔

المعجم الكبير للطبراني: 7939

23 مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ

جس شخص کے پاس میرا نام ذکر کیا جائے، وہ مجھ پر درود بھیجے۔

سنن النسائي الكبرى: 9889

## رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

24 مَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي

جو شخص میری سنت سے منہ موڑے

اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

صحيح البخاري: 5063

25 مَانِعُ الزَّكَاةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي النَّارِ

زکاۃ ادانہ کرنے والا، قیامت

کے دن جہنم کی آگ میں ہوگا۔

المعجم الصغير للطبراني،

145/2 ، حديث: 935

26

إِنَّمَا الصَّبْرُ

عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولٰى

صبر وہی ہے،

جو ابتدائے صدمہ میں ہو۔

صحيح البخاري: 1238

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**27** إِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِىءُ غَضَبَ الرَّبِّ

بے شک صدقہ رب تعالیٰ کے غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔

جامع الترمذي: 664

**28** إِنَّ اللهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ

بے شک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے،
خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔

صحيح مسلم: 91



**29** إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ
أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا

تم میں سے بہترین وہ ہیں،
جن کا اخلاق اچھا ہے۔

صحيح البخاري: 3559

30 لَا يَشْكُرُ اللهَ مَنْ لَّا يَشْكُرُ النَّاسَ

وہ اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا، جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا۔

سنن أبي داود:4811

31 دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلىٰ مَا لَا يَرِيبُكَ

جو چیز تمھیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر اس چیز کو اختیار کرو جو شک میں نہ ڈالے۔

جامع الترمذي:2518

32 سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

مسلمان کو گالی دینا گناہ، اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے۔

صحيح البخاري: 48

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

33 إِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوقَ الْأُمَّهَاتِ

اللہ تعالیٰ نے تم پر جائز کاموں میں
ماؤں کی نافرمانی حرام کردی ہے۔ صحيح البخاري: 5975

34 مَنْ مَّاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

جو شخص اس حال میں فوت ہوا کہ وہ اللہ کے
ساتھ ذرہ بھر بھی شرک نہیں کرتا تھا،
وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔
صحيح البخاري: 7487

35

اَلْيَدُ الْعُلْيَا
خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

اوپر والا (یعنی) دینے والا ہاتھ،
نیچے والے (یعنی) لینے والے ہاتھ
سے بہت بہتر ہے۔

صحيح البخاري: 1428

36 مَنْ لَّا يَرْحَمِ النَّاسَ
لَا يَرْحَمْهُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ

جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ عزوجل بھی اس پر رحم نہیں کرے گا۔

صحیح مسلم: 2319

37 خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن کریم سیکھتے، اور دوسروں کو اس کی تعلیم دیتے ہیں۔

صحيح البخاري: 5027

38 طَلَبُ الْعِلْمِ
فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

علم حاصل کرنا،
ہر مسلمان پر فرض ہے۔

سنن ابن ماجه: 224

39

مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهٖ

جس نے کسی خیر و بھلائی کے کام کی رہنمائی کی،
اسے نیکی کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔

صحيح مسلم :1893

40

مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا
السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا

جو ہم پر ہتھیار اٹھالے، اس کا ہم
سے کوئی تعلق نہیں۔

صحيح البخاري: 7070

# احادیث برائے نرسری گروپ



# NURSERY GROUP



## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

**41** يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا

آسانی کرو، تنگی نہ کرو، (اللہ کے فضل و عطا کی) خوش خبری دو، اور (صرف عذاب کا ذکر کر کے) لوگوں کو متنفر نہ کرو۔

صحيح البخاري: 69

**42**

مَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ

جو شخص اللہ تعالیٰ کی خاطر تواضع و انکسار اختیار کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے ضرور اونچا کر دیتا ہے۔

صحيح مسلم: 2588

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

43 اِتَّقُوا الظُّلْمَ ظلم سے بچو،

فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

کیونکہ ظلم قیامت کے دن اندھیروں کا سبب بنے گا۔

صحيح مسلم :2578

44

لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيهِ

مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کے لیے وہی کچھ پسند نہ کرے، جو خود اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

صحيح البخاري: 13

## رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا

45 مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ

یہ بھی انسان کے اسلام کی خوبی ہے کہ،

جس معاملے سے اس کا تعلق نہیں اسے چھوڑ دے۔

جامع الترمذي: 2317

46

وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ

مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ

اللہ تعالیٰ بندے کی مدد کرتا رہتا ہے،

جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔

صحيح مسلم: 2699

47 بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ

مومن اور کافر کے درمیان بنیادی فرق،

نماز چھوڑنے کا ہے۔

جامع الترمذي: 2620

48

إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ

فَحَمِدَ اللهَ فَشَمِّتُوهُ

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے،

اور وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے، تو اسے یَرْحَمُكَ اللهُ کہو۔

صحيح مسلم: 2992

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

**49**

### مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ فِيْهِ فَهُوَ رَدٌّ

جس نے ہمارے اس امر ( دین ) میں نیا طریقہ ایجاد کیا،

جو حقیقتاً اس میں نہیں ہے تو وہ طریقہ مردود ہے۔

صحيح البخاري :2697

**50**

### مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ
### وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ

جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے،

اسے چاہیے کہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔

صحيح البخاري: 6138



## رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

51

# أَحَبُّ النَّاسِ إِلَى اللهِ تَعَالَى أَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ

اللہ تعالیٰ کو سب سے بڑھ کر محبوب بندے وہ ہیں،

جو لوگوں کے کام آنے والے ہیں۔

سلسلة الأحاديث الصحيحة : 906

52

# مَنْ فَاتَتْهُ الْعَصْرُ
# فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلُهُ وَمَالُهُ

جس شخص کی نماز عصر رہ گئی،

گویا کہ وہ مال اور اہل وعیال سے محروم کر دیا گیا۔

صحيح البخاري: 3602

## رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

53

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ
فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ

جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے،
اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے، یا چپ رہے۔

صحيح البخاري: 6138

54

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

اللہ تعالیٰ جس کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے،
اسے دین کی سمجھ عطا کر دیتا ہے۔

صحيح البخاري:71

# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

55 لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا
وَلَمْ يَعْرِفْ شَرَفَ كَبِيْرِنَا

اس کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں، جس نے ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہ کی اور ہمارے بڑوں کی عزت وشرف کو نہ پہچانا۔

جامع الترمذي : 1920

56

مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ
غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِي الْجَنَّةِ

جس نے یہ کلمات اپنی زبان سے ادا کیے: سبحان اللہ العظیم وبحمدہ، اس کے لیے جنت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔

جامع الترمذي : 3464

## رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

57

# لَا إِيْمَانَ لِمَنْ لَّا أَمَانَةَ لَهُ
# وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهُ

جو شخص امانت دار نہیں اس میں کوئی ایمان نہیں ،
اور جو شخص وعدے کا پابند نہیں اس کا کوئی دین نہیں ۔

صحيح ابن حبان:1/423 ، حديث : 194

58

# اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ
# وَلَا يَخْذُلُهُ وَلَا يَحْقِرُهُ

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرے، نہ اسے
(مدد کے وقت بے یار و مددگار چھوڑ کر) رسوا کرے،
اور نہ اسے حقیر جانے۔

صحيح مسلم:2564

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

59 سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ اللہ کے نبی ﷺ سے سوال کیا گیا:

أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ افضل ترین عمل کون سا ہے؟

قَالَ: الصَّلَاةُ لِأَوَّلِ وَقْتِهَا آپ ﷺ نے فرمایا:

نماز کو اول وقت میں ادا کرنا۔ جامع الترمذي: 170

60

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلٰى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ

وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ

اللہ تعالیٰ تمھاری شکلوں اور تمھارے اموال کو نہیں دیکھتا،

بلکہ تمھارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔

صحيح مسلم: 2564

